# سندھ ایکٹ XXVIII مجریہ ۱۹۷۴

# SINDH ACT NO.XXVIII OF 1974

## سندھ نجی اسکول (انتظامیہ اور ضوابط) ایکٹ، ۱۹۷۴

## THE SINDH PRIVATE SCHOOLS (MANAGEMENT AND CONTROL( ACT, 1974

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات

Sections

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ بورڈ آف گورنرز کا قیام

Establishment of Board of Governors

۴۔ بورڈ آف گورنرز کی تشکیل

Constitution of Board of Governors

۵۔ میمبر اور چیئرمین

Member and Chairman

۶۔ عارضی آسامیوں پر بھرتی

Filling of casual vacancies

۷۔ بورڈ آف گورنرز کی میٹنگ

Meeting of Board of Governors

۸۔ بورڈ آف گورنرز کے اختیار اور ذمیداریاں

Powers and duties of Board of Governors

۹۔ پرنسپل کے اختیار اور ذمیداریاں

Powers and duties of the Principal

۱۰۔ اسٹیٹمنٹ جمع کرانا

Submission of statement

۱۱۔ اسکول فنڈ

School Fund

۱۲۔ مالی فوائد حاصل کرنے پر پابندی

Bar to derive financial benefits

۱۳۔ جانچ پڑتال

Inspection

۱۴۔ اسٹاف کائونسل

Staff Council

۱۵۔ بورڈ آف گورنرز کی تحلیل اور اسکول کو تحویل میں لینا

Dissolution of Board of Governors and Taking over of School

۱۶۔ غیر ملکی کی مقرری

Appointment of Foreign nationals

۱۷۔ معاہدے، کسٹم اور استعمال کے حقائق کا تحفظ

Protection of rights secured by agreements, customs or usage

۱۸۔ ضمانت

Indemnity

۱۹۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۲۰۔ ضوابط بنانے کا اختیار

Power to make regulations

شیڈول

SCHEDULE

Iجنرل

I General

IIانتظامیہ

II Management

IIIعملہ

III Staff

IVمالیات

Finance

Vعمارتیں

V Buildings

VIہاسٹل

VI Hostel

VIIکھیلوں کے میدان

VII Play Grounds

VIIIفرنیچر

VIII Furniture

# سندھ ایکٹ XXVIII مجریہ ۱۹۷۴

# SINDH ACT NO.XXVIII OF 1974

# سندھ نجی اسکول (انتظامیہ اور ضوابط) ایکٹ، ۱۹۷۴

# THE SINDH PRIVATE SCHOOLS (MANAGEMENT AND CONTROL) ACT, 1974

[۱۱ دسمبر ۱۹۷۴]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ میں نجی اسکولوں کی نگرانی اور انتظام سنبھالے جائیں گے۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ میں نجی اسکولوں کی تعلیمی قابلیت، اور ان میں ملازمت پر رکھے گئے اساتذہ کی خدمات کی شرائط کو بنانا ضروری ہو گیا ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. اس ایکٹ کو سندھ نجی اسکول (انتظامیہ اور ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲) اس کو فی الفور نافذ کیا جائے گا۔

تعریف
Definitions

۲. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو تب تک:

(a) "بورڈ" ٹیکنیکل اسکول کے حوالے سے، مراد سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن

(b) "بور· آف گورنرز" مطلب دفعہ 4 تحت جو·یل بور· آف گورنرز؛

(c) "چیئرمین" سے مراد بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین؛

(d) "کنٹرولنگ اتھارٹی" سے مراد تعلیم، حکومت سندھ کا وزیر یا اس کی طرف

سے نامزد کردہ؛

(e) "حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(f) "میمبر" سے مراد بورڈ آف گورنرز کا رکن اور جس میں چیئرمین بھی شامل ہے؛

(g) "پیرنٹس باڈی" سے مراد وہ شخص یا افراد کی باڈی، جو اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے اسکول کو سنبھالنے اور انتظام کرنے کے لیئے قائم کی جائے یا بنائی گئی ہو؛

(h) "بیان کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت قواعد اور ضوابط کے مطابق بیان کردہ؛

(i) "پرنسپل" سے مراد اسکول کے ہیڈماسٹر کے ساتھ پرنسپل؛

(j) "نجی اسکول" سے مراد ایک اسکول یا ادارہ، جو حکومت لوکل باڈی، کنٹونمنٹ بورڈ یا یونیورسٹی کی طرف سے سنبھالا یا چلایا نہ جاتا ہو؛

(k) " اسکول" سے مراد نجی اسکول؛

(l) "استاد" سے مراد اسکول کا استاد اور جس میں شامل ہے پرنسپل اور اسکول کا فزیکل انسٹرکٹر؛ اور

(m) "ٹیکنیکل اسکول" سے مراد اسکول، ادارہ یا سندھ میں دوسرا کوئی ادارہ جسے حکومت کی طرف یا سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی طرف سے فنی یا کمرشل تعلیم کے لیئے پہچان دی گئی ہو اور جس میں شامل ہے پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ، ٹیکنیکل ایجوکیشن کمرشل انسٹیٹوٹ اور دوسرا کوئی ادارہ یا اسکول جو ڈپلومہ سطح پر فنی تربیت دیتا ہو؛

بورڈ آف گورنرز کا قیام
Establishment of Board of Governors

۳. کنٹرولنگ اتھارٹی اسکول کے موثر انتظامات اور ضوابط کے لیئے بورڈ آف گورنرز قائم کر سکتی ہے۔

بورڈ آف گورنرز کی تشکیل

Constitution of Board of Governors

۴.(1) بورڈ آف گورنرز مشتمل ہو گا؛

(a) پیرنٹ باڈی کی طرف سے نامزد کردہ چار رکن؛

بشرطیکہ اگر پیرنٹ باڈی کی طرف سے سالانہ عطیہ جس میں شامل ہے اسکول کی ملکیت اور اثاثوں میں کمائی اور ملکیت کی کنٹرولنگ اتھارٹی کرائے کے ذریعے حاصل شدہ رقم جو ایسے اسکول کی طرف سے استعمال کی گئی ہو، پیرنٹل باڈی کی طرف سے نامزد کردہ ارکان کی تعداد کو کم کیا جائے گا جیسا کنٹرولنگ اتھارٹی مناسب سمجھے؛

(b) کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف سے نامزد کردہ پانچ ارکان؛

(c) اسکول کے رول پر شاگردوں کے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کی طرف سے ان میں سے ہی ایک کو سالانہ بطور رکن منتخب کیا جائے گا؛

(d) اسکول کے اساتذہ کی طرف سے ان میں سے ہی ایک کو سالانہ بطور رکن منتخب کیا جائے گا؛

(۲) نامزد شدہ ارکان میں سے کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف سے چیئرمین مقرر کیا جائے گا؛

(۳) پرنسپل بورڈ آف گورنرز کا سیکریٹری ہو گا؛

(۴) چیئرمین اور نامزد کیا گیا رکن تین برس کے عرصے تک عہدہ رکھ سکتا ہے اور دوبارہ انتخاب کے لیئے اہل ہو گا؛

میمبر اور چیئرمین

Member and Chairman

۵۔ (1) چیئرمین عہدہ سے مستعفی ہونے کے لیئے اپنا استعفیٰ کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف بھیج سکتا ہے اور رکن عہدہ سے مستعفی ہونے کے لیئے استعفیٰ چیئرمین کو بھیجے گا؛

(۲) کنٹرولنگ اتھارٹی اگر مطمئن ہے تو رکن اسکول کے مفادات

سے ہٹ کر کام کرہا ہے یا اپنی ذمہ داریاں نبھانے سے قاصر ہے تو اس کو عہدے کی مدت ختم ہونے سے پہلے ہٹایا جا سکتا ہے۔

"[بشرطیکہ کسی بھی رکن کو عہدے سے نہیں ہٹایا جائے گا جب تک کہ اسے سننے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے]"۔

عارضی آسامیوں پر بھرتی
Filling of casual vacancies

(۳) کوئی بھی رکن شخص اگر کسی عہدے پر ہے وہ عہدہ چھوڑنے کی صورت میں میمبر نہیں رہے گا۔

۶۔ اگر چیئرمین یا رکن کے آفس میں کوئی آسامی خالی ہوتی ہے تو وہ دفعہ ۴ کی گنجائشوں کے تحت پر کی جائے گی اور چیئرمین یا رکن جو اس آسامی پر بھرتی ہو گا وہ بقایا رہتی مدت تک عہدہ رکھ سکتا ہے۔

بورڈ آف گورنرز کی میٹنگ
Meeting of Board of Governors

۷۔ بورڈ آف گورنرز کا اجلاس مہینے میں کم از کم ایک دفعہ اسے وقت اور ایسی جگہ پر اور ایسے طریقہ کار کے تحت بلایا جائے گا، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

بورڈ آف گورنرز کے اختیار اور ذمیداریاں
Powers and duties of Board of Governors

۸۔ اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق، بورڈ آف گورنرز عام نظرداری اور اسکول کے معاملات پر ضابطہ رکھے گا اور ان اختیارات کی عام حیثیت سے ٹکراؤ کے سوا کر سکتا ہے۔

(a) حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ رہنما کی روشنی میں اسکول چلانے کے لیئے حکمت عملی بنانا؛

(b) اسکول کی ملکیت پر ضابطہ رکھنا اور انتظام کرنا جب تک ایسی ملکیت کی ان کی پیرنٹ باڈی کے پاس ہو؛

(c) اسکول کے فنڈز، مالیات، اثاثے اور سرمایہ کاری کا انتظام کرنا اور سنبھالنا؛

(d) بجٹس پاس کرنا؛ اور

(e) اسکول کے اساتذہ اور دوسرا عملہ مقرر کرنا اور ان کے خلاف انتظامی کاروائی کا اختیار رکھنا؛ اور

(f) یقین دہانی پر شرائط جن کے تحت اسکول کو بورڈ کی طرف سے پہچان دی گئی ہے اور ایسے بورڈ کی طرف سے جاری کیئے گئے تمام قواعد اور احکامات؛ یا دوسری مجاز تعلیمی اتھارٹیز وقتاً فوقتاً شاگردوں کے داخلہ، نصاب، تعلیم کے میڈیم، امتحانات اور اس سے متعلقہ معاملات، جن کا مشاہدہ کیا جائے گا کہ؛

(i) اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قواعد اور ضوابط جو اس تحت بنائے گئے ہیں، انہیں سختی سے لاگو کیا جائے گا؛ اور

(ii) اسکول کے اکائونٹس بیان کردہ طریقے کے مطابق سنبھالے جائیں گے اور بیان کیئے گئے طریقے کے مطابق ان کو آڈٹ کیا جائے گا؛

پرنسپل کے اختیار اور ذمیداریاں
Powers and duties of the Principal

۹۔ اس ایکٹ کی گنجائشوں اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد اور ضوابط کے مطابق پرنسپل بورڈ آف گورنرز کے عام ضابطے اور نظرداری کی تحت اسکول کے اندرونی مجاز ہوگا، بشمول داخلہ، کلاس پروموشنز، اساتذہ، ٹائم ٹیبل، ڈسپلن کی مینٹننس، فیس میں رعایت دینا، اور اسکالرشپ کے بجٹ میں گنوائے گئے خرچ اور عارضی یا مقرریاں کرنا جو تین ماہ سے زائد عرصے کے لیئے نہیں ہونگی۔

اسٹیٹمنٹ جمع کرانا
Submission of statement

۱۰۔ پیرنٹ باڈی کنٹرولنگ اتھارٹی کو اس ایکٹ کے شیڈول میں بیان کیئے گئے طریقے کے مطابق اسٹیٹمنٹ فراہم کرے گی، دوماہ کے اندر؛

(a) اس ایکٹ کی شروعات کے، اگر اسکول ایسی شروعات کے وقت موجود تھا؛ یا

اسکول فنڈ
School Fund

(b) بورڈ کی طرف سے اسکول کی پہچان کے، اس ایکٹ کی شروعات کے بعد؛

۱۱۔ اسکول کا ایک فنڈ ہو گا، جس میں شامل کی جائیں گی:

(a) فیس، عطیات، ٹرسٹس، تحائف، انڈومنٹس ، گرانٹس اور کنٹریبیوشنز میں سے حاصل کردہ رقم؛

(b) اسکول کی ملکیت میں سے حاصل کردہ رقم؛

(c) پیرنٹ باڈی کی طرف سے کنٹریوبیوشنز؛

(d) حکومت کی طرف سے کی گئی کنٹریبیوشنز یا عطیات میں دی گئی گرانٹس؛اور

(e) دوسرے وسائل کے ذریعے حاصل کردہ رقم؛

مالی فوائد حاصل کرنے پر پابندی
Bar to derive financial benefits

۱۲۔ کوئی بھی رکن اسکول میں سے مالی فوائد حاصل نہیں کرے گا، بشر طیکہ اس دفعہ میں شامل کچھ بھی گنوائی گئی قابلیت رکھنے والے کسی شخص کو اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد اور ضوابط کے مطابق مراعات حاصل کرنے اور دوسرے فوائد حاسل کرنے سے روکا نہیں جائے گا۔

جانچ پڑتال
Inspection

۱۳۔ (1) کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈ آف گورنرز کے ضابطے اور انتظام کے تحت اسکول کی جانچ پڑتال کر سکتی ہے یا اس سلسلے میں مجاز بنائے گئے ایک یا ایک سے زائد افراد کی طرف سے وقتاً فوقتاً جانچ پڑتال کرواسکتی ہے۔

(۲) کنٹرولنگ اتھارٹی جانچ کئے گئے کسی اسکول کو بیان کردہ عرصے کے دوراں ایسے اقدام لینے کے لیئے طلب کر سکتی ہے، جیسا وہ اس ایکٹ اور اس سلسلے میں بنائے قواعد اور ضوابط میں بیان کیئے گئے معاملے کے لیئے ضروری سمجھے۔

اسٹاف کائونسل
Staff Council

۱۴۔ ایک اسٹاف کائونسل ہو گی جو پرنسپل پر مشتمل ہو گی جو اس کا چیئرمین ہو گا اور چار سب سے سینیئر استاد اس کے رکن ہونگے جو اسے مشورہ دیں گے اور اسکول

بورڈ آف گورنرز کی تحلیل اور اسکول کو تحویل میں لینا
Dissolution of Board of Governors and Taking

over of School

کے معاملات میں دفعہ ۹ میں بیان کردہ معاملات میں پرنسپل کی مدد کریں گے۔

۱۵۔ اگر اسکول، صلاحیت اور نظم و ضبط برقرار رکھنے میں ناکام ہوتا ہے یا اس ایکٹ کی گنجائش اور اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد اور ضوابط کے تحت ضرورتیں پوری کرنے میں ناکام ہوتا ہے۔ یا کوئی قدم اٹھانے میں ناکام رہتا ہے، جو دفعہ ۱۳ کے تحت کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف قدم اٹھانے کے لیئے کہا گیا ہے، یا اس طرح کیا گیا ہے جو تعلیم کے مفاد کے خلاف ہو، حکومت پیرنٹ باڈی اور بورڈ آف گورنرز کو تجویز کردہ قدم کے خلاف سماعت کا موقعہ دینے کے بعد؛

(a) بورڈ آف گورنرز کو تحلیل کرسکتی ہے؛ اور

(i) ایڈمنسٹریٹر مقرر کرسکتی ہے جو بورڈ آف گورنرز کا کام کرے گا؛ اور ذمہ داریاں سرانجام دے گا،

غیر ملکی کی مقرری

Appointment of Foreign nationals

جب تک نیا بورڈ آف گورنرز بنایا جائے گا؛ یا ایسے

(ii) اسکول کو قبضے میں لے سکتی ہے؛ یا

(b) ایسے قدم لے سکتی ہے، جیسا ضروری سمجھے۔

معاہدے، کسٹم اور استعمال کے حقائق کا تحفظ

Protection of rights secured by agreements, customs or usage

۱۶۔ جب تک دفعہ ۴، ۸، ۹ اور ۱۷ اور اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے خلاف نہ ہو، کوئی بھی شخص جو غیر ملکی شہری ہے تدریسی یا انتظامی عملے کے طور پر مقرر نہیں کیا جائے گا یا حکومت سے پیشگی منظوری کے سوا بورڈ آف گورنرز میں منتخب یا نامزد نہیں کیا جائے گا۔

ضمانت

Indemnity

۱۷۔ اس ایکٹ کی گنجائشیں تب تک موثر ہونگی جب تک وقتی طور پر لاگو کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو یا کسی ٹھیکے، دستاویز، شقوں یا ایسوسیشنز، ڈیڈ یا کسی دوسرے دستاویز کے متضاد نہ ہو۔

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۱۸۔ کوئی بھی مقدمہ یا قانونی کاروائی حکومت، کنٹرولنگ اتھارٹی یا کسی دوسرے شخص کے خلاف نہیں کیا جائے گا۔ اگر کچھ بھی اچھی نیت سے کیا گیا ہو یا اس ایکٹ کے تحت کرنے کا ارادہ ہو۔

۱۹۔ (1) حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے قواعد بنا سکتی ہے۔

(۲) خاص طور پر اور مذکورہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے ٹکراؤ کے سوا ایسے قواعد فراہم کریں گے۔

(a) اساتذہ کی مقرری، مستقلی ترقی اور ملازمت کی سیکیورٹی؛

(b) اساتذہ کو کم سے کم ملنے والی ادائیگی؛

(c) اساتذہ کے لیئے کنٹریبیوٹری پروویڈنٹ فنڈ کے فوائد؛

(d) اسکول کے اکائونٹس کی دیکھ بھال اور ان کی جانچ پڑتال؛

(e) اساتذہ، والدین اور دیکھ بھال کرنے والے ارکان کی طرف سے منتخب کرنے کا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا؛

(f) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت مطلوبہ کوئی دوسرا معاملہ بیان کیا جائے گا؛

ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make regulations

۲۰۔ (1) بورڈ آف گورنرز ضوابط بنائے گا، جو اس ایکٹ کی گنجائشوں سے ٹکراؤ میں نہ ہو اور اس کے تحت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنائے جائیں گے۔

(۲) خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے بالاتر کے سوا ایسے ضوابط فراہم کریں گے؛

(a) بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کے موقعے پر طریقہ کار کے ساتھ چلا جائے گا اور ایسے اجلاسوں میں مطلوبہ کورم کے لیئے مطلوبہ طریقہ

کار پر عمل کیا جائے گا؛

(b) نوٹس جس پر عام یا خاص اجلاس بلایا جائے گا؛

(c) وقت اور جگہ جس پر بورڈ آف گورنرز کا اجلاس بلایا جائے گا؛

(d) طریقہ کار جس کے تحت منٹس گنے جائیں گے اور ان کی تصدیق کی جائے گی؛

(e) قواعد جن کے تحت اساتذہ اور دوسرے عملے کی ادائیگی کے اسکیلز، الائونس، چھٹی اور دوسرے فوائد دیئے جائیں گے؛

(f) شاگردوں کو سہولتوں کی فراہمی، فیس اور دوسری رقوم جو شاگردوں سے وصول کی جائیں گی، وہ طے کرنا؛

(g) شاگردوں کو فیس میں رعایت اور اسکالرشپس دینا؛

(h) ٹیچرز کائونسل قائم کرنا اور اس کے کام؛ اور

(i) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت کوئی دوسرا معاملہ بیان کرنا جو مطلوبہ ہو، اسے ضوابط میں بیان کیا جائے گا؛

شیڈول

SCHEDULE

## شیڈول

(دیکھیں دفعہ ۱۰)

پیرنٹ باڈی کی فارم کی طرف سے اسٹیٹمنٹ جمع کروایا جائے گا۔

I جنرل

I General

### I. جنرل

### I General

[

II انتظامیہ

II Management

1۔ اسکول کا نام

۲۔ اسکول کا مقام اور پتہ

۳۔ اسکول کا قیام یعنی:

(a) شروع ہونے کی تاریخ

(b) متعلقہ باڈی کی طرف سے پہچان دینے کی تاریخ۔

۴۔ ہدایت

## II. انتظامیہ

## II Management

III عملہ

III Staff

1۔ سوسائیٹز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ کے تحت رجسٹرار، جوائنٹ اسٹاک کمپنیز سے رجسٹر شدہ مینجنگ باڈی (پیرنٹ باڈی)۔

۲۔ چیف اتھارٹی، ایجنسی جس کے ماتحت ادارہ کام کرتا ہو۔

۳۔ دستاویز جمع کرائے جائیں گے۔

(a) مینجنگ بادی کے ارکان کے لباس سمیت فہرست۔

(b) مینجنگ باڈی کے آئین کی نقل۔

## III. عملہ

## III Staff

1. کیا تحریری معاہدے پر استاد ملازمت پر ہیں؟ اگر ایسا ہے تو معاہدے کی نقل لگائی جائے؛

2. کیا اسکول پروویڈنٹ فنڈ یا اساتذہ کی پنشن (یا دونوں) کے لیئے گنجائشیں بنائی گئی ہیں؛

IV مالیات

Finance

3. ادارے کی طرف سے پروویڈنٹ فنڈ کے لیئے کی گئی کنٹری بیوشنز کا کتنا فیصد ہے؟

4. دستاویز جمع کرائے جائیں گے؛

(a) تدریسی عملے کے ہر رکن کی قابلیت، تدریس کے تجربے، فیلڈ آف اسپلائزیشن اور اسکیل سے متعلق مکمل تفصیلات کا اسٹیٹمنٹ۔

(b) اسکول کے سروس رولز کی نقل۔

## IV. مالیات

## Finance

۳۰جون پر ختم ہونے والے سال کے لیئے حاصلات اور خرچ کے تفصیل۔

| کمائی | رقم | خرچ | رقم |
|---|---|---|---|
| ا. حکومت کی جانب سے جاری کی گئی رقم | | ا. انتظامی | |
| ۲. ڈولپمنٹ گرانٹ (مقصد واضح کریں)<br>(a)حکومت کی طرف سے<br>(b)اویکیو ٹرسٹ بورڈ کی طرف سے<br>(c)کسی دوسرے ذریعے سے | | ۲. تدریسی | |
| ۳. سبکرپشن، کنٹریبوشن اور انڈومنٹس سے (پیرنٹ باڈی کی طرف سے کنٹریبوشن کے سوا) | | ۳.ماتحت عملہ | |
| ۴. ٹیوشن فیس کے ذریعے | | ۴.منیل عملہ | |
| ۵. مختلف فنڈز میں سے | | ۵. اسکول کی عمارت کا کرایہ | |
| ۶. پیرنٹ، باڈی کی طرف سے سالانہ کنٹریبویشن | | ۶. بجلی اور پانی کے چارجر | |

V عمارتیں
V Buildings

VI ہاسٹل
VI Hostel

VII کھیلوں کے میدان
VII Play Grounds

| | |
|---|---|
| ۷. کسی دوسرے وسیلے کے ذریعے (بیان کریں) | ۷. متفرقات (بیان کریں)<br>(a) عمارتوں کی مرمت<br>(b) ٹیلی فون<br>(c) فرنیچر<br>(d) لائبریری<br>(e) اسکالرشپس<br>(f) کھیل<br>(g) خرچ کا کوئی دوسرا آئٹم |

| کل حاصلات | کل خرچ |
|---|---|
| اثاثے اور ذمہ داریاں | |
| اثاثے رقم | ذمہ داریاں رقم |
| 1. غیر منقولہ جائیداد کی تفصیل | 1. قرض، اگر کوئی ہوں |
| ۲. ٹرسٹس اور انڈومنٹس | ۲. بینک میں اوورڈرافٹ |
| ۳. بینک میں نقد رقم | ۳. عمارتوں کا کرایہ، اگر کرائے پر ہوں |
| ۴. مینجر یا خزانچی سے نقد رقم | ۴. دوسری کوئی ذمہ داری بیان کریں |

ٹوٹل:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## عمارتیں

## V Buildings

1۔ کیا اسکول کی اپنی ذاتی عمارت ہے؟ اگر ایسا ہے تو ٹرانسفر ڈیڈ لگائیں۔

۲۔ کیا عمارتیں لمبی لیز پر لی گئی ہیں؟ اگر ایسا ہے تو لیز ڈیڈ کی نقل لگائیں۔

۳۔ دستاویز فراہم کرنے ہونگے:

(a) مندرجہ ذیل کے تفصیل بتانے والی فہرست:

VIII فرنیچر

VIII Furniture

(i) جماعت کے کمرے پر کمرے کی ناپ سمیت۔

(ii) لیبارٹریز

(iii) لائبریری

(b) عمارتوں کے منصوبے۔

VI ہاسٹل (اگر بنا ہوا ہو)

VI Hostel (if maintained)

1۔ رہائشیوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد، جن کو رہائش دی جائے گی۔

۲۔ طبعی سہولت کا انتظام۔

۳۔ سپرنٹنڈنٹ / وارڈن کی حیثیت سے۔

۴۔ کیا سپرٹینڈنٹ / وارڈن ہاسٹل کے اندر یا قریب رہائش رکھے گا؛

۵۔ ہاسٹل کی سینٹری اور ہائی جینک حالت۔

VII کھیلوں کے میدان

VII Play Grounds

کیا کھیلوں کے میدان اسکول سے منسلک ہیں؟ اگر ایسا ہے تو مختلف کھیلوں کے میدان کی ایراضی بیان کرو۔

VIII فرنیچر

VIII Furniture

فرنیچر کے اہم آئٹمز کی فہرست جن کو شاگردوں کی طرف سے استعمال کیا جائے گا، ان کو فراہم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔